# 12-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ اضلاع کی تنظیم جدید کے لیے جلد ہی ایک ریٹائرڈ جج کی قیادت میں ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔

۲۔سوامی وویکانند کے جذبہ کے ساتھ ملک کی خدمت کرنے عوام سے مرکزی وزیر بنڈی سنجے کی اپیل۔

۳۔وزیرآبپاشی اتم کمارریڈی نے کہاہے کہ پولاورم نلاملاپروجیکٹ پرسپریم کورٹ میں دائرکی گئی ریٹ عرضی واپس لے لی گئی ہے۔

اور

۴۔ پردیش کانگریس کے صدرمہیش کمارگوڑ نے کہا ہے کہ بلدی انتخابات میں سروے کی بنیاد پر امیدواروں کوبی فارم دئے جائیں گے۔

## Ponguleti

ریاست میں محکمہ اسٹامپس ورجسٹریشن کومکمل طور پرشفاف اور بدعنوانی سے پاک بنانے کی سمت حکومت اہم اصلاحات نافذ کررہی ہے۔ یہ بات ریاستی وزیر مال پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہی۔میڑچل ملکاجگری ضلع کے کوکٹ پلی منڈل میں آج وزیر مال نے انٹیگریٹڈ سب رجسٹرار آفس کےتعمیراتی کاموں کا سنگ بنیادرکھا۔اس موقع پرخطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ عوام کوبہترسہولیات فراہم کرنے کے مقصد سے ریاست بھرمیں مرحلہ وار انداز میں انٹیگریٹڈ سب رجسٹراردفاترتعمیرکیے جارہے ہیں۔

## Rocket

ہندوستانی خلائی تحقیقاتی ادارہ (اسرو) کی جانب سے آج صبح سری ہریکوٹا کے ستیش دھون خلائی مرکز سے لانچ کئے گئے پی ایس ایل وی۔سی 62 راکٹ میں تیسرے مرحلے کے اختتام پر تکنیکی خرابی پیش آئی۔اسرو کے چیرمین ڈاکٹر وی نارائنن نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ PSLV ایک چار مرحلوں پر مشتمل لانچ وہیکل ہے، جس میں دو ٹھوس اور دو مائع مراحل شامل ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تیسرے مرحلے کے اختتام تک راکٹ کی کارکردگی توقعات کے عین مطابق رہی۔تاہم، تیسرے مرحلے کے آخری حصے میں تکنیکی خرابی پیدا ہوگئی جس کے بعد اس کی پرواز کے راستے میں انحراف پیدا ہوا۔

## Weather

دفتر موسمیات نے کہا ہے کہ ریاست میں سرد ہوائیں جاری ہیں۔امکان ہے کہ آئندہ دو دن کے دوران ریاست کے بعض علاقوں میں اقل ترین درجہ حرارت معمول سے دو تا تین ڈگری کم ریکارڈ کیا جائے گا۔

## Revanth Reddy - Persons with disabilities

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت معذور افراد کو معاشرے میں عزتِ نفس کے ساتھ زندگی گزارنے کے قابل بنانے کے لیے انسانی ہمدردی کے جذبے کے تحت مکمل تعاون فراہم کرے گی۔پرجا بھون میں منعقدہ ایک پروگرام کے دوران وزیراعلیٰ نے بال بھروسہ اسکیم اور بزرگوں کے ڈے کیئر سنٹر 'پرنام' کا افتتاح کیا۔اس موقع پر معذور افراد میں 50 کروڑ روپے مالیت کے معاون آلات تقسیم کیے گئے۔بعدازاں خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ تعلیم اور ملازمتوں کی بھرتی میں معذور افراد کے لیے کوٹہ مختص کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ کھیلوں کے میدان میں بھی معذور افراد کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے۔وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ اگر کوئی سرکاری ملازم اپنے والدین کو نظرانداز کرتا ہے تو ایسے ملازم کی تنخواہ سے 10 فیصد رقم اس کے والدین کو فراہم کرنے کے لیے قانون بنایا جائے گا۔

## CM's district reorganization

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ اضلاع کی تنظیم جدید کے لیے جلد ہی ایک ریٹائرڈ جج کی قیادت میں ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔تلنگانہ گزٹڈ آفیسرز سنٹرل ایسوسی ایشن کی ڈائری اور کیلنڈر کا وزیراعلیٰ نے سکریٹریٹ میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران رسم اجرا انجام دیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے کہا کہ حکومت کی جانب سے تشکیل دی جانے والی کمیٹی ریاست بھر کا دورہ کرے گی اور عوامی رائے حاصل کرے گی۔انہوں نے کہا کہ کمیٹی سے کہا جائے گا کہ وہ چھ ماہ کی مدت میں اپنی رپورٹ پیش کرے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ ماضی میں بعض قائدین نے اپنی پسند کے مطابق اضلاع قائم کیے تھے۔انہوں نے واضح کیا کہ اضلاع کی سرحدوں میں تبدیلی سے متعلق درخواستیں موصول ہورہی ہیں اور منڈلوں اور ریونیو ڈویژنز کی بھی ازسرِ نو تنظیم کی جائے گی۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت میں ملازمین کا اہم رول ہے انہوں نے مکر سنکرانتی کے تحفے کے طور پر مہنگائی بھتہ (ڈی اے) کی ادائیگی کے احکامات جاری کرنے کا اعلان کیا۔

## CM Medaram

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج حیدرآباد میں اپنی قیام گاہ پر میڈارم مہا جاترا کے پوسٹر اور بروچر کی رسم اجرائی انجام دی۔انہوں نے اس مہینہ کی 28 تاریخ سے شروع ہونے والی جاترا کے بارے میں ریاستی وزرأ سیتا اکا، کونڈا سریکھا اوراڈلوری لکشمن سے تفصیلات حاصل کی۔اس موقع پر وزیرانڈومنٹ کونڈا سریکھا نے چیف منسٹر کو اِس مہینہ کی 19 تاریخ کو منعقد ہونے والے جوگولامبا برہمواتسوم کیلئے مدعو کرتے ہوئے انہیں دعوت نامہ پیش کیا۔

Mancherial Venkataswamy

ریاستی وزیر لیبر وویک ونکٹ سوامی نے کہا ہے کہ منچریال ضلع کے چنور میونسپلٹی حدود میں 50 کروڑ روپیوں کی لاگت سے شروع کئے گئے ترقیاتی کام مختلف مراحل میں ہے۔انہوں نے آج چینور میں انجام دئے جارہے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔اس موقع پرانہوں نے کہا کہ عوام کے مسائل حل کرنے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ وینکٹ سوامی نے کہا کہ ٹاؤن میں پینے کے پانی کی سربراہی کیلئے ایکشن پلان پرعمل آوری کی جارہی ہے اور تمام وارڈس میں سی سی روڈس کی تعمیر کیلئے منظوریاں دی جارہی ہیں۔

KTR

بی آرایس کے کارگزارصدر کے ٹی راما راؤ نے الزام لگایا ہے کہ گزشتہ دوسال کے دوران کانگریس حکومت نے کوئی نیا کام نہیں کیا بلکہ گزشتہ حکومت کی جانب سے روبہ عمل لائی گئی اسکیموں کو برخواست کردیا۔انہوں نے آج محبوب نگر میں بی آرایس کے نومنتخب سرپنچوں سے خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ پنچایت انتخابات کے نتائج کے ساتھ ہی ریاست میں تبدیلی کا عمل شروع ہوگیا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ تبدیلی بلدی انتخابات میں مزید مستحکم ہوگی۔

Uttam

وزیرآبپاشی اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ پولا ورم نلا ملا پروجیکٹ پر سپریم کورٹ میں دائر کی گئی ریٹ عرضی واپس لے لی گئی ہے۔آج اس عرضی پر سپریم کورٹ میں سماعت ہوئی۔ بعد میں اتم کمار ریڈی نے میڈیا کو بتایا کہ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کی تجویز پر عرضی کو واپس لیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس نے تجویز پیش کی کہ حکومت آرٹیکل 131 کے تحت سیول مقدمہ دائر کرے۔ ریٹ عرضی پر سماعت کے دوران تلنگانہ کی طرف سے سینئر وکیل ابھیشیک سنگھوئی نے دلائل پیش کئے۔

TPCC Cheif

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے کہا ہے کہ جلد ہی منعقد ہونے والے بلدی انتخابات میں سروے کی بنیاد پر امیدواروں کو بی فارم دئے جائیں گی۔نظام آباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حالیہ پنچایت انتخابات میں کانگریس کو سرپنچوں کی زیادہ نشستیں حاصل ہوئیں اور انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ آنے والے بلدی انتخابات میں بھی کانگریس کو زائد نشستیں حاصل ہوں گی۔انہوں نے کانگریس کے کارنوں سے کہا کہ وہ ریاستی حکومت کی جانب سے روبہ عمل لائی جارہی اسکیموں کو گھر گھر تک پہنچائیں۔انہوں نے کہا کہ باریک چاول کی تقسیم اور اندراماں مکانات کی تعمیر سے غرباء کی زندگی میں نئی روشنی آرہی ہے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ اندراماں اسکیم کے دوسرے مرحلہ کے تحت جلد ہی مکانات منظور کئے جائیں گے۔

Bandi

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سوامی وویکانند کے جذبہ کے ساتھ ملک کی خدمت کریں۔انہوں نے وویکانند کے یوم پیدائش کے موقع پر کریم نگر میں میرا یوا بھارت نامی تنظیم کی جانب سے منعقدہ پروگرام سے خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ وویکانند نے ہندوستانی سماج میں بیداری پیدا کی۔انہوں نے کہا کہ نئی نسل کو وویکانند کے نقشہ قدم پر چلنا چاہیئے۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو کئی مواقع دستیاب ہیں اور انہیں چاہیئے کہ وہ برائیوں سے دور رہتے ہوئے وکست بھارت کے مقصد کے حصول کیلئے کام کریں۔

Sound Byte

Khammam Tummala

وزیر زراعت تو ملا نا گیشور راؤ نے کہا ہے کہ فصلوں کیلئے زائد مقدار میں یوریا کے استعمال سے نقصانات ہورہے ہیں۔ انہوں نے کسانوں کو مشورہ دیا کہ وہ یوریا کے استعمال کو کم کریں۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کی جانب سے سرمایہ کاری میں کمی آنی چاہئے جبکہ ان کی آمدنی میں اضافہ ہونا چاہئے۔ ریاستی وزیر نے رگھوناتھ پالم منڈل کے چنتا گتی میں ڈرون کے ذریعہ اسپرے کا افتتاح کیا۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت کی جانب سے لائی گئی اسکیم وی بی جی رام جی سے دیہی نظام کو مستحکم کرنے مدد مل رہی ہے۔ انہوں نے آج حیدرآباد میں پارٹی کے دفتر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے ملک کی ترقی اور زراعت اور دیہی نظام کو مستحکم کرنے کے لئے یہ اسکیم لائی ہے۔ اس پر عمل آوری کیلئے ریاستوں کو ذمہ داری لینی چاہئے۔ کشن ریڈی نے کہا کہ نتی آیوگ کی تجویز کے مطابق اثاثہ جات بنانے کیلئے اور مناسب نظامِ روزگار اور زراعت کو فروغ دینے کے لئے یہ اسکیم تیار کی گئی ہے۔

○○